★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | پیر 29 محرم الحرام 1445ھ 05 اگست 2024ء 21 ساون 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 295

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

ملک بھر میں بارشوں سے نشیبی علاقے زیر آب، چھتیں گرنے سے 12 افراد جاں بحق

بارشوں کے باعث برساتی نالوں میں طغیانی سے فصلیں تباہ اور سیکڑوں مکانات پانی میں ڈوب گئے۔ میانوالی میں بارش کے باعث برساتی نالوں میں شدید طغیانی سے فصلوں کو شدید نقصان پہنچا

روجھان میں کوہ سلیمان سے نکلنے والے زرگی اور سوری نالوں میں طغیانی سے سیلابی ریلا قریبی بستیوں میں داخل ہوگیا جس کے باعث 100 سے زائد مکانات پانی میں ڈوب گئے، علاقہ مکین اپنی مدد آپ کے تحت محفوظ مقامات پر منتقل ہوگئے ہیں

نوشہرو فیروز میں چھتیں گرنے کے تین واقعات میں ایک بچی جاں بحق جبکہ 5 افراد زخمی ہوگئے، جیکب آباد میں گاؤں شاہ دوست میں بارش سے مکان کی چھت گر گئی، چھت گرنے سے 2 افراد ملبے تلے دب کر جاں بحق ہوگئے

ضلع کرک میں کمرے کی چھت گرنے سے 2 بچے جاں بحق جبکہ خاتون سمیت 3 افراد زخمی ہوئے۔ ضلع کرک میں دو بچوں سمیت 4 افراد برساتی نالوں میں ڈوب گئے، تین کی نعشیں نکال لی گئیں



وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اپنی چھت۔اپنا گھر پروگرام سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک کے بیشتر شہروں میں مون سون بارشوں سے نشیبی علاقے زیر آب آگئے، خستہ حال گھروں کی چھتیں گرنے کے باعث 12 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوگئے۔ بارشوں کے باعث برساتی نالوں میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

لیگی رہنما بیرسٹر امجد ملک کے سسر سپرد خاک

نواز شریف، وزیراعظم شہباز شریف، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا اظہار تعزیت

راجپڈیل (این این آئی) مسلم لیگ (ن) انٹرنیشنل افیئرز کے سینئر نائب صدر اور چیف کوآرڈینیٹر بیرسٹر امجد ملک کے سسر، ڈاکٹر لیاقت ملک سینئر قانون دان مقبول اور منظور ملک کے بھائی حاجی عبدالغفور ملک کو راجپڈیل میں گزشتہ روز سپرد خاک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

پاکستان سے واپس افغانستان جانے والوں کی تعداد ساڑھے 6 لاکھ سے بڑھ گئی

21 جولائی سے 03 اگست تک مزید 15 ہزار 537 غیر قانونی افغان باشندے اپنے ملک چلے گئے

کراچی، کابل (این این آئی) پاکستان کے مختلف شہروں میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کی وطن واپسی کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 21 جولائی سے 03 اگست تک مزید 15 ہزار 537 غیر قانونی افغان باشندے اپنے ملک چلے گئے، واپس جانے والوں میں 6345 مرد، 4963 خواتین اور 4229 بچے شامل ہیں۔ افغانستان روانگی کے لیے 489 گاڑیوں میں 421 خاندانوں کی اپنے وطن واپسی عمل میں لائی گئی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 03 اگست 2024 تک مجموعی طور پر 6

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

دہشتگردی کیخلاف جنگ، پولیس نے اہم کردار ادا کیا

شہباز شریف

یوم شہدائے پولیس، بہادر پولیس افسران اور اہلکاروں کی جرات اور بہادری کو یاد کرنے کا دن ہے، جرائم کی سرکوبی کرتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس اہلکاروں کی قربانیاں لازوال ہیں

پولیس اہلکاروں نے ہمیشہ اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر قوم کا مستقبل محفوظ اور روشن بنایا، شہدائے پولیس قوم کا فخر ہیں، پوری قوم شہید پولیس اہلکاروں کو سلام پیش کرتی ہے، وزیراعظم

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے یوم شہدائے پولیس کے موقع پر پولیس کے شہید افسران اور اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یوم شہدائے پولیس، بہادر پولیس افسران اور اہلکاروں کی جرات اور بہادری کو یاد کرنے کا دن ہے، جرائم کی سرکوبی کرتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس اہلکاروں کی قربانیاں لازوال ہیں۔ اپنے بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پولیس نے ہمیشہ ہراول دستے کے طور پر اپنی ذمہ داریاں نبھائیں، پولیس اہلکاروں نے ہمیشہ اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر

صدر مملکت کا یوم شہدائے پولیس کے موقع پر شہداء کو خراج عقیدت

دہشت گردی کے خلاف کامیابی میں پولیس فورس کا نمایاں کردار ہے، آصف علی زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے یوم شہدائے پولیس کے موقع پر شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف کامیابی میں پولیس فورس کا نمایاں کردار ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ قوم کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس کے اہلکاروں کی بے مثال جرات اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

شہداء پولیس کے اہل خانہ کی دیکھ بھال حکومت کی ذمہ داری ہے، محسن نقوی

وہ قوم ہمیشہ سرخرو ہوتی ہے جو اپنے شہداء کی تکریم کرتی ہے، شہداء کی تکریم پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے "یوم شہدائے پولیس" پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ تمام پولیس شہداء کی عظیم قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں، یوم شہدائے پولیس بہادر سپوتوں کی لازوال قربانیوں کو یاد کرنے کا دن ہے، پولیس شہداء پوری قوم کا فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس افسران اور جوانوں نے ہمیشہ ہراول دستے کے طور پر جرائم کی سرکوبی کی ہے۔ پولیس قربانیوں کو سراہتے ہوئے وفاقی وزیر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

پیپلز پارٹی کا حکومت کو اسمبلیاں تحلیل کرکے نئے انتخابات کرانے کا مشورہ

پارلیمنٹ میں حکومت کو مضبوط کرنے کو تیار ہیں مگر وہ ڈیلیور تو کرے، نیئر حسین بخاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے سیکریٹری جنرل نیئر حسین بخاری نے کہا ہے کہ اگر حکومت کو خطرہ ہے تو اسمبلی تحلیل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

اپنی چھت اپنا گھر پلاٹ پروگرام کے ماڈل گھر تیار

مریم نواز 14 اگست کو افتتاح کرینگی

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پلاٹ پر قرض حاصل کرنیوالوں سے سروس چارجز لینے سے روک دیا، ٹال فری نمبر متعارف کرانے کا حکم

ماڈل گھروں کے نقشے میں لیونگ روم بھی شامل کرنیکی ہدایت، پی آئی ٹی بی خصوصی پورٹل تیار کریگا، آن لائن درخواست جمع کراسکیں گے

حکومت پنجاب گھر کی لاگت کا بوجھ کم کرنے کیلئے سبسڈی دیگی، ایک تا پانچ مرلہ تک پلاٹ کے مالک کو گھر بنانے کیلئے بلا سود قرض ملے گا

70 ہزار پلاٹ مالکان قرض لے سکیں گے، مائیکروفنانس اداروں کے ذریعے قرض کی ادائیگی پر سروس چارجز پر حکومت پنجاب ادا کرے گی

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس، اپنی چھت ..... اپنا گھر پروگرام فارم ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کے دفاتر سے حاصل کیے جاسکیں گے: بریفنگ

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے عزم، ہر بے گھر کے لئے "اپنی چھت، اپنا گھر" پروگرام پر تیزی سے کام جاری ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا جس میں اپنی چھت ..... اپنا گھر پروگرام کے تحت تین ماڈل کی اصولی منظوری دی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پلاٹ پر قرض حاصل کرنے والوں سے سروس چارجز لینے سے بھی روک دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف 14 اگست کو اپنی چھت ..... اپنا گھر پروگرام کی لانچنگ کریں گی۔ اپنی چھت ..... اپنا گھر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7



وزیر بلدیات ذیشان رفیق سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کی جدید مشنری بلدیہ ڈسکہ کے حوالے کررہے ہیں



لاہور، چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرف علما و مشائخ کنونشن سے خطاب کررہے ہیں

عمران خان کی رہائی کے بغیر اب یہ ملک نہیں چل سکتا، علیم عادل شیخ

پی ٹی آئی سندھ کا کارروان صوابی جلسہ میں شرکت کے لئے کراچی سے روانہ

کراچی (این این آئی) صوابی جلسہ میں شرکت کے لئے پی ٹی آئی سندھ کے صدر علیم عادل شیخ کی قیادت میں پی ٹی آئی کا کارروان الآصف اسکوائر بس ٹرمینل کراچی سے اتوار کی علی الصبح روانہ ہوا۔ کارروان میں پی ٹی آئی سندھ کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

وہ قوم سرخرو ہوتی ہے، جو شہداء کی تکریم کرتی ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا ہے 4-اگست کبھی نہیں بھول سکتے یہ دن شہداء کی یاد دلاتا ہے۔ وہ قوم سرخرو ہوتی ہے جو شہداء کی تکریم کرتی ہے۔ شہداء کی تکریم پر کبھی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے یوم شہدائے پولیس پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

یوم استحصال کشمیر (آج) منایا جائے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں (آج) 5 اگست بروز (پیر) کو یوم استحصال کشمیر منایا جائے گا۔ یہ دن مقبوضہ کشمیر میں بھارت کے غیر قانونی اقدام کے 5 سال مکمل ہونے کی مناسبت سے منایا جاتا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے سیاسی و مذہبی جماعتوں اور انسانی باقی

صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

پوری قوم یوم شہداء پر پولیس کے شہداء کو سلام پیش کرتی ہے، سردار ایاز صادق



شہید ہونے والے پولیس کے شہداء کے اہلخانہ کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتا ہو

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے یوم شہداء پولیس کے موقع پر پولیس کے شہید افسروں اور جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

عوامی خدمت میری اولین ترجیحات میں شامل ہے ملک افضل کھوکھر

احتجاج، مظاہروں، دھرنوں کی بجائے سر جوڑ کر ملکی مسائل کا حل نکالنے کا وقت ہے



لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ عوامی خدمت میری اولین ترجیحات میں شامل ہے، احتجاج، مظاہروں،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

عمران خان ملک کے بگڑتے سیاسی، معاشی حالات کی وجہ سے فکرمند ہیں، مسرت جمشید چیمہ

ملک کو مسائل کی دلدل سے صرف عمران خان ہی باہر نکال سکتے ہیں



لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ ہر طرح کے ہتھکنڈوں کے باوجود عام انتخابات میں سب سے زیادہ ووٹ لینے والی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

دھرنا دھرنا سیاست کے کھلاڑی ملکی ترقی میں بڑی رکاوٹ ہیں، چوہدری برجیس طاہر

ملک کو درپیش معاشی چیلنجز سے نمٹنے کے لئے تمام جماعتیں اپنا کردار ادا کریں



نکانہ صاحب (این این آئی) سابق وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان چوہدری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ دھرنا دھرنا سیاست کے کھلاڑی ملکی ترقی میں بڑی رکاوٹ ہیں، موجودہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

راولپنڈی عوامی دھرنا حکومت کے پاس فرار کا کوئی راستہ نہیں

ضیاء الدین انصاری

پرامن سیاسی مزاحمت وقت کی ضرورت ہم یہ فریضہ سرانجام دے کریں گے۔ آئی پی پیز کے کیپیسٹی چارجز ختم کیے جائیں اور بجلی کے بلوں میں سلیب سسٹم ختم کیا جائے۔

حکمران تیرہ سو سی سی گاڑیاں استعمال کریں اور ملک بھر میں فری بجلی، پٹرول اور دیگر مراعات ختم ہونی چاہئیں، امیر جماعت اسلامی لاہور



لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ جماعت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

مخصوص نشستوں کا عدالتی فیصلہ آئین کے آرٹیکلز سے باہر جا کر لکھا گیا، عطا تارڑ

اختلاف کرنے والے دو معزز ججز کے تفصیلی فیصلے نے اکثریت کے فیصلے پر بہت بڑا سوالیہ نشان لگا دیا

واضح ہوگیا ہے اکثریتی فیصلے میں بہت سے سقم اور ابہام موجود، جو تحفظات اور نکات اٹھائے گئے ہیں ان کا جواب آنا بہت ضروری ہے



اظہر وہ سپیکر اسمبلی آزاد کشمیر چوہدری لطیف اکبر، کشمیری پارلیمانی وفد کے ممبران برہان بلاتر کو کشمیریوں کی مسلسل حمایت پر شیلڈ پیش کررہے ہیں



اسلام آباد، یوم شہدا پولیس کے موقع پر شہدا کے اہلخانہ اور بچے تقریب میں شریک ہیں

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے مخصوص نشستوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

ججز روسٹر، چیف جسٹس عالیہ نیلم بطور سنگل بنچ کیسز کی سماعت کریں گی

فوجداری اور سول تمام نوعیت کی اپیلوں کی سماعت کیلئے ڈویژن بنچ تشکیل

لاہور (این این آئی) موسم گرما کی تعطیلات کے آج (پیر) سے نافذ ہونے والے چھٹے ہفتے کے ججز روسٹر میں چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم بطور سنگل بنچ کیسز کی سماعت کریں گی، فوجداری اور سول تمام نوعیت کی اپیلوں کی سماعت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

وزیراعلیٰ بلوچستان سے وزیراعظم پاکستان کی فوکل پرسن عائشہ فاروق کی ملاقات

صوبے میں پولیو کی روک تھام، انسداد پولیو مہم کی بلوچستان میں کامیابی سے روانی اور متعلقہ امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وزیراعظم پاکستان کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو عائشہ رضا فاروق نے یہاں وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں ملاقات کی، سوبائی وزراء سردار فیصل جمالی، علی مدد جتک، سیکرٹری صحت محمد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

عمران خان کی گرفتاری کو (آج) ایک سال ہوجائیگا

لاہور (این این آئی) بانی تحریک انصاف اور سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری کو (آج) پیر کے روز ایک سال مکمل ہوجائے گا۔ اسلام آباد کی سیشن عدالت نے توشہ خانہ کیس میں عمران خان کو الیکشن کمیشن میں جھوٹا بیان حلفی جمع کرانے پر 3 سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

ایف بی آر نے 11 ارب روپے کے ٹیکس فراڈ کا سراغ لگا لیا

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز کی مدد سے ٹیکس مشینری کے ساتھ رجسٹرڈ جعلی کمپنیوں پر مشتمل 11 ارب روپے کا فراڈ پکڑ لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق دو جعلی کمپنیوں، جنید ایسوسی ایٹس اور ٹریڈ زون، کی نشاندہی کی گئی ہے جو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

مقبوضہ کشمیر کی تاریخ کو بھارت جبر کے ذریعہ تبدیل نہیں کرسکتا، گورنر سندھ

5 اگست کے روز بھارت نے عالمی قوانین پامال کرتے ہوئے یکطرفہ اقدام اٹھایا، کامران ٹیسوری

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست کے روز بھارت نے عالمی قوانین پامال کرتے ہوئے یکطرفہ اقدام اٹھایا، یہ اقدام متنازعہ علاقہ پر غاصبانہ قبضہ کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26



اسلام آباد، یوم شہدا پولیس کے موقع پر سیکرٹری داخلہ کیپٹن (ر) خرم آغا یادگار شہدا پر پھول رکھ رہے ہیں

کنٹرول لائن کے دونوں طرف اور دنیا بھر میں مقیم کشمیری (آج) یوم استحصال منائینگے

کل جماعتی حریت کانفرنس کا 5 اگست کو یوم استحصال کشمیر کو یوم سیاہ کے طور پر منانے کا اعلان

لاہور (این این آئی) کنٹرول لائن کے دونوں طرف اور دنیا بھر میں مقیم کشمیری آج (پیر) کے روز یوم استحصال منائیں گے جس کا مقصد 5 اگست 2019 کے نریندر مودی کی بھارتی حکومت کے یکطرفہ اور غیر قانونی اقدام کے خلاف احتجاج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

منی میں حاجیوں کی جان بچانے پر پاکستانی رضا کار کو بھارت کا خراج تحسین

آمنہ بشیر لوگوں کی جان بچانے کی کوشش کرتا رہا جس کی وجہ سے اسے "منیٰ کا فرشتہ" قرار دے دیا گیا

منیٰ (این این آئی) رواں سال حج کے موقع پر جہاں حاجزین حج نے شدید گرمی کی صورتحال کو برداشت کیا، وہیں ایک ایسا پاکستانی بھی موجود تھا، جو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

لاہور پریس کلب کی سوشل میڈیا پر عظمیٰ بخاری کے خلاف جاری مہم کی شدید الفاظ میں مذمت

سوشل میڈیا پر کسی کے خلاف بھی چلائی جانے والی اخلاق سے گری مہم کی حوصلہ شکنی کی جائے گی۔ ارشد انصاری صدر پریس کلب

عظمیٰ بخاری کے خلاف مہم پر ادارے حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے انصاف فراہم کریں۔ زاہد عابد سیکرٹری

لاہور، پاکستان مسلم لیگ کلچرل ونگ کی عہدیداران نوٹیفکیشن دینے کی تقریب میں شریک ہیں

لاہور (خبر نگار) لاہور پریس کلب کے صدر ارشد انصاری، سینئر نائب صدر شیراز حسنات، نائب صدر امجد عثمانی، سیکرٹری زاہد عابد، جوائنٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

سیاسی و عسکری قیادت پر الزام تراشی پی ٹی آئی کی قیادت کا وطیرہ رہی ہے، چوہدری جعفر اقبال

سیاست کے نام پر ریاستی مفادات سے کھیلنے والوں کی ملکی سیاست میں کوئی گنجائش نہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی و سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال نے جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ سیاسی لبادہ اوڑھ کر ملکی مفادات سے کھیلنے والے ملک و قوم کے خیر خواہ نہیں، ملک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

پیپلز پارٹی شہر قائد کی ترقی کے لیئے دن رات جدوجہد کررہی ہے، نثار کھوڑو

کراچی میں پیپلز پارٹی بے شمار ترقیاتی منصوبوں پر کام کررہی ہے، سید وقار مہدی و دیگر کا خطاب

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے ڈسٹرکٹ ایسٹ کی نومنتخب تنظیم کے اعزاز میں شاندار استقبالیہ جلسے میں پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار کھوڑو، جنرل سیکرٹری سید وقار مہدی، ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری کراچی ڈویژن محمد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

پولیس شہداء کیلئے مزید مراعات لے کر آئیں گے، ملک احمد خان

ہم ان لوگوں اور شہداء کے مقروض ہیں جنہوں نے ملک کے امن کیلئے قربانیاں دیں، اسپیکر پنجاب اسمبلی

افراتفری پھیلا دی گئی ہے، میرے پاس الفاظ نہیں ہیں، جتنی قربانیاں یہاں بیٹھے شہداء کے خاندانوں نے دی ہیں، ہم ان لوگوں اور شہداء کے مقروض ہیں



لاہور (خبر نگار) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ ہم ان لوگوں اور شہداء کے مقروض ہیں جنہوں نے ملک کے امن کیلئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

خاتم النبیین یونیورسٹی لاہور کو فوری فنکشنل کیا جائے محمد ناظم الدین

وزیراعلیٰ پنجاب خاتم النبیین یونیورسٹی لاہور کے فنکشنل ہونے کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور کریں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز خاتم النبیین یونیورسٹی لاہور کو فوری فنکشنل کرنے کا حکم جاری کریں تاکہ دینی تعلیم کے حامل اساتذہ و طلباء کو جدید خطوط پر استوار اسلامی تعلیمات کے مختلف شعبہ جات میں پی ایم فل اور پی ایچ ڈی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

ڈاکٹر شاہد صدیق کو جائیداد کے تنازعہ پر قتل کیا گیا، ابتدائی تفتیش میں انکشاف

پی ٹی آئی رہنما کا ملتان میں ایک لیبارٹری پر جائیداد کا تنازع چل رہا تھا' میڈیا رپورٹ

لاہور (این این آئی) پولیس کی تفتیش سے معلوم ہوا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے بانی رکن ڈاکٹر شاہد صدیق کا ملتان میں ایک لیبارٹری پر جائیداد کا تنازع چل رہا تھا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پولیس نے 4 نامعلوم حملہ آوروں کے خلاف مقدمہ درج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

قیام امن میں پولیس شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری کا یوم شہداء پولیس پر پیغام

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے یوم شہداء پولیس پر اپنے پیغام میں پولیس شہداء کو سلام پیش کرتے ہوئے شہداء کے لواحقین اور ورثا سے یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ قیام امن میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

اسماعیل ہنیہ کی شہادت نے شہداء کربلا کی یاد تازہ کردی، رافعہ فلک

اسرائیل کی طاغوتی سامراجی سوچ کا ایک اور منہ بولتا ثبوت سامنے آگیا ہے، سماجی رہنما

اسلام آباد (این این آئی) سماجی رہنما رافعہ فلک نے کہا ہے کہ اسماعیل ہنیہ کی شہادت نے کربلا کی یاد تازہ کردی، حماس کے سیاسی ونگ کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

پولی کلینک ہسپتال میں ڈیجیٹل ریڈیوگرافی سسٹم نصب

اسلام آباد پولی کلینک ہسپتال میں جاپان کے تعاون سے ڈیجیٹل ریڈیوگرافی سسٹم نصب کردیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں واقع پولی کلینک ہسپتال میں جاپان کے تعاون سے ڈیجیٹل ریڈیوگرافی سسٹم نصب کردیا گیا۔ اتوار کو وزارت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

اسلام آباد، یوم شہدا پولیس کے موقع پر شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا جارہا ہے

روزنامہ قوت لاہور
سال نمبر ۱ ایڈیشن ۱

سٹی نیوز

پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی میں یوم شہدائے پولیس کے حوالے سے تقریب کا انعقاد

تقریب میں شہداء کے درجات کی بلندی اور ملک وقوم کی سلامتی کی دعائیں کی گئیں

لاہور (خبر نگار) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی میں یوم شہدائے پولیس کے حوالے سے تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ یوم شہدائے پولیس کی مناسبت سے منعقدہ کی گئی تقریب میں شہداء پولیس اور ان کے لواحقین کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ سیف سٹی افسران نے شہداء پولیس کی خدمات کو یاد کرتے ہوئے فاتحہ خوانی کی اور خصوصی دعا کی گئی۔ دعا میں سیف سٹیز اتھارٹی کی آپریشن کمانڈر اور پولیس کیریکٹیفیشن افسران سمیت لائیژن فورسز کے جوانوں نے شرکت کی۔ افسران نے ملک وقوم کی سلامتی کی دعائیں بھی کی۔ اس موقع پر تربیتی سیف سٹیز اتھارٹی کا کہنا تھا کہ شہداء ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں ان کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ فرض کی راہ میں جان کا نذرانہ پیش کرنے والے یہ بہادر پوت ہمارا فخر ہیں۔

گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1184 ٹریفک حادثات

690 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے بجائے جذبہ ملی امداد فراہم

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروس ریسپانڈنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1184 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 550 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی وتحصیل کے ہسپتالوں میں طبی امداد فراہم کی گئی۔ 690 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر پروٹوکول طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (75 فیصد) موٹر سائیکل حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم ونضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی امداد و شہر کے مختلف ریسکیو 1122 کے صوبائی ہیڈ کوارٹر سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 711 ٹو وہیلرز، 51 کار عمر ڈرائیور، 411 مسافر اور 125 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ امداد غار ہے ظاہر ہوتا ہے کہ 258 ٹریفک حادثات کی فون کالز کو لائسنس کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 279 متاثرین کے ساتھ پہلے فیصل آباد 93 حادثات میں 103 متاثرین کے ساتھ دوسرے سے گوجرانوالہ 66 حادثات میں 58 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1247 متاثرین میں 1037 مرد اور 210 خواتین شامل ہیں۔



انجمن تاجران انارکلی بجلی کے بلوں میں بے جا ٹیکسوں کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

دفاتر میں یوم شہدا پولیس کی مناسبت سے تقاریب کا انعقاد کیا گیا

ڈی آئی جی سینٹرل زون دارالعلی خان نے شہداء کے ورثاء سے ملاقات کی

لاہور (کرائم رپورٹر) موڈ ے پولیس سینٹرل زون کے تمام دفاتر میں یوم شہداء پولیس کی مناسبت سے تقاریب کا انعقاد کیا گیا۔ موڈے پولیس نے شہدائے پولیس کی قبروں پر فاتحہ خوانی اور پھولوں کی چادر چڑھائی گئی۔ شہدائے پولیس کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے موڈے پولیس سینٹرل زون کے تمام دفاتر میں ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔ ڈی آئی جی سینٹرل زون دارالعلی خان نے شہداء کے ورثاء سے ملاقات کی اور چیک، گفٹ پیش کیے۔ ڈی آئی جی سینٹرل زون دارالعلی خان کی ہدایات پر سینٹرل بیسٹ کانڈ ز زخمی شہداء کے ورثاء کے گھر گئے اور ان سے ملاقات کی اور خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی دارالعلی خان نے کہا کہ موڈے پولیس پولیس یونیفارم میں ملبوس ہر فرد خراج تحسین کا مستحق ہے۔ ہمارے پولیس افسران اور اہلکار ہر روز اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہیں

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور (3)5 اگست 2024ء

جی ایم سی ٹیچنگ ہسپتال گوجرانوالہ
زیر علاج مریضوں کو بغیر نیبولائیزر ماسک کے نیبولائز کیا جانے لگا

ٹراما فارمیسی میں ایمرجنسی مریضوں اور ان پیشنٹ ڈور فارمیسی میں مریضوں سے متعلق ادویات کا فقدان، لواحقین ہوئے پریشان، ادویات کی دستیابی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ کرپٹ مافیا کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے کیس نیب کے حوالے کیا جائے



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) وزیر اعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری، صوبائی وزیر ہیلتھ اور سیکرٹری ہیلتھ کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے، گزشتہ روز گوجرانوالہ میں سیکرٹری ہیلتھ علی جان کا وزٹ ناقص رہا، تفصیلات کے مطابق گوجرانوالہ میڈیکل کالج ٹیچنگ ہسپتال گوجرانوالہ میں زیر علاج مریضوں کو بغیر نیبولائیزر ماسک کے نیبولائز کیا جانے لگا، چیف فارماسسٹ، مارننگ، ایوننگ، نائٹ شفٹ فارماسسٹ کی نااہلی کے باعث ہسپتال کی ٹراما فارمیسی میں ایمرجنسی مریضوں اور ان پیشنٹ ڈور فارمیسی میں مریضوں سے متعلق ادویات ناپید ہو چکی ہیں، جس کے باعث ایمرجنسی میں آنے والے مریضوں کے لواحقین ادویات باہر سے خریدنے پر مجبور ہیں، مریض ولواحقین کا کہنا ہے کہ خدارا ہسپتال انتظامیہ مریضوں پر رحم کرے اور تمام تر ضروری ادویات کی بھی فوری فراہمی کو یقینی بنائے، متعدد شکایات ہونے کے باوجود کوئی نوٹس لینے والا نہیں ہے، آخر کب تک ہم ان جیسے مافیاز کے ہاتھوں لٹتے رہیں گے، مریض ولواحقین نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ ہسپتال میں تمام تر ضروری ادویات کی دستیابی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ان جیسے کرپٹ مافیاز کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے کیس نیب کے حوالے کیا جائے تاکہ پنجاب کے غریب مریض ولواحقین دن بدن بڑھتے ہوئے سنگین مسائل سے محفوظ رہ سکیں۔

چنیوٹ: افسران کی شہدائے چنیوٹ پولیس کی قبروں پر حاضری، پھولوں کی چادریں چڑھائیں

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) افسران و جوانوں نے قرآن خوانی کی، شہدائے پولیس کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی گئی۔ پولیس افسران نے شہدائے چنیوٹ پولیس کی قبروں پر حاضری دی، پھولوں کی چادریں چڑھائیں، دعا کی۔ شہدائے پولیس کی فیملیز کو خصوصی پروٹوکول کیساتھ لایا گیا، ڈی پی او نے فیملیز کا استقبال کیا، پولیس افسران و جوانوں نے فیملیز پر گل پاشی کی، خوش آمدید کہا۔ ڈی پی او عبداللہ احمد نے شہداء کی فیملیز سے ملاقات کی، خیریت دریافت کی، پولیس کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ یادگار شہداء پر سلامی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی دی۔ شہداء کی فیملیز، ڈی پی او، ڈی سی، ڈسٹرکٹ پولیس نے یادگار شہداء پر پھولوں کی چادریں چڑھائیں شرکت کی۔ ملک پاکستان کی سلامتی، شہدائے پولیس کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی گئی۔ یوم شہدائے پولیس کے موقع پر پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ڈی پی او عبداللہ احمد، اسسٹنٹ کمشنر چنیوٹ، صدر بار ایسوسی ایشن، پولیس افسران و جوانوں، شہداء کی فیملیز، سول سوسائٹی، میڈیا نمائندگان نے شرکت کی۔ شہدائے پولیس کی فیملیز کو بطور مہمان خصوصی سٹیج پر بٹھایا گیا۔ شہدائے پولیس کی فیملیز نے اپنے شہداء کے حوالے سے اظہار خیال کیا۔ سول سوسائٹی کے نمائندوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کی قربانیوں کی بدولت ہی ہم چین کی نیند سوتے ہیں۔ ملک وقوم کے لیے اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کرنے والے شہدائے پولیس کو سلام پیش کرتے ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر چنیوٹ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی جان و مال کی حفاظت کے لیے اپنی قیمتی جان کی قربانی بہت بڑی قربانی ہے، میں شہدائے پولیس کو سلام پیش کرتا ہوں۔

پریذائیڈنگ آفیسر کنزیومر کورٹ گلزار احمد خالد نے ائرلائن کو لاکھوں روپے جرمانہ کیا۔۔۔۔

سائلہ۔فاطمہ صباء کو جرمانے کی رقم بھی ادا کرنے کا حکم جاری

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ضلعی صارفین کورٹ کا ناقص خدمات کی پاداش میں فلائی دبئی ایئر لائنز کو صارف کو 1 لاکھ روپے ہرجانہ ادا کرنا کا احکامات جاری۔ تفصیلات کے مطابق فاطمہ صباء نے 17 اپریل 2024 کو فلائی ایئر دوبئی سے فیصل آباد سے استنبول ترکی کے ریٹرن ٹکٹ کی بکنگ حاصل کی جب فاطمہ صباء فیصل آباد ائیر پورٹ پہنچی تو پتہ چلا کہ فلائٹ کینسل کر دی گئی ہے اور ایئر لائن کی جانب سے پیشگی اطلاع بھی نہیں کی گئی جبکہ فلائٹ کو ری شیڈول کیا اور نہ ہی رقم ری فنڈ کی۔ سائلہ نے اس کی بابت صارفین کورٹ میں مقدمہ دائر کیا۔ پریذائیڈنگ آفیسر کنزیومر کورٹ گلزار احمد خالد نے ریکارڈ، ثبوتوں اور گواہان کا مدنظر رکھتے ہوئے سائلہ کے حق فلائی دوبئی ایئر لائنز 1 لاکھ روپے ہرجانہ، 1 لاکھ 67 ہزار 307 روپے ٹکٹ کا معاوضہ، 50 ہزار روپے وکیل کی فیس اور 15 ہزار روپے دیگر اخراجات کی مد میں ایک ماہ کے اندر ادا کرنے کے احکامات صادر کیے۔

مستحق گھرانے 30 اگست تک قریبی دفاتر میں اپنا سروے کروالیں، اسسٹنٹ کمشنر شرقپور

شرقپور شریف (نامہ نگار) اسسٹنٹ ڈائریکٹر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام تحصیل شرقپور نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ وہ گھرانے جو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مالی معاونت وصول کر رہے ہیں اور جنہوں نے ابھی اپنا سروے نہیں کروایا۔ وہ 30 اگست 2024 تک اپنے قریبی تحصیل دفاتر سے جا کر سروے کروالیں۔ سروے نہ کروانے کی صورت میں ان گھرانوں کو مستقل طور پر پروگرام سے خارج کر دیا جائے گا۔

اسماعیل ہنیہ ایک بہادر غیرت مند اور عظیم رہنما تھے، چوہدری عاشق علی جٹ

چونیاں (تحصیل رپورٹر) اسماعیل ہنیہ ایک بہادر غیرت مند اور عظیم رہنما تھے، چوہدری عاشق علی جٹ،* *اسماعیل ہنیہ کی امت مسلمہ کیلئے خدمات قابل ستائش ہیں، امیر حمیرہ۔ تفصیل کے مطابق عوامی سماجی پارٹی کے چیئرمین چوہدری عاشق علی جٹ اور چیئرمین آل پاکستان کیڈٹس کمیونٹی کے ترجمان چوہدری امیر تیمور کی قیادت میں اسماعیل ہنیہ کی شہادت کے حق میں اور اسرائیل کیخلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی جس میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی احتجاجی شرکاء نے اسرائیل کیخلاف نعرے بازی کی اور شدید غم و غصے کا اظہار کیا اس موقع پر ریلی کی قیادت کرنے والے قائدین نے احتجاجی شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مشترکہ بیان میں کہا کہ اسماعیل ہنیہ ایک بہادر، غیرت منداور عظیم رہنما تھے انکی جرت، کردار اور بہادری کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اسماعیل ہنیہ جیسے لوگ صدیوں بعد پیدا ہوتے ہیں وقت کا تقاضا ہے کہ ایسے عظیم رہنما کی قربانی کو رائیگاں نہ ہونے دیا جائے، ایران سمیت تمام امت مسلمہ کو اسرائیل کی طرف سے مظلوم فلسطینیوں پر ہونے والے ظلم و بربریت کو روکنے میں ہر حد تک جائیں نہتے مسلمانوں پر اسرائیلی مظالم کو روکنے میں او آئی سی، اور یو این او اپنا کردار ادا کریں۔

مصطفی آباد: شریف سوہڈل کے خلاف درج مقدمہ خارج کیا جائے: محمد عمران سلفی

مصطفی آباد/لیاقی (نمائندہ خصوصی) سینئر صحافی کے خلاف درج مقدمہ خارج کیا جائے، شریف سوہڈل کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور من گھڑت مقدمہ درج کرنے والوں کے خلاف کاروائی کا مطالبہ کرتے ہیں، ان خیالات کا اظہار صدر پریس کلب مصطفی آباد لیاقی رجسٹرڈ محمد عمران سلفی نے پریس کلب مصطفی آباد کے ہنگامی اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، ہنگامی اجلاس میں سینئر صحافی شریف سوہڈل کے خلاف درج ہونے والے مقدمہ اور ان کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب و دیگر اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لیتے ہوئے جھوٹا اور بے بنیاد مقدمہ خارج کرنے اور جھوٹا مقدمہ اندراج کروانے والے عناصر کے خلاف فوری کاروائی کا مطالبہ کیا ہے، اجلاس میں جنرل سیکرٹری سہیل قمر سندھو، سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر اصغر علی شہزاد، چیئرمین عمر حیات، چیئرمین سپریم کونسل ملک محمد اقبال، سینئر نائب صدر مہر علی مہران، محمد اکمل کھوکھر صدر یونین آف جرنلسٹ، مہر عبدالقیوم چیئرمین یونین آف جرنلسٹ، سید محمد حسین الیکٹرونک میڈیا، رانا توقیر احمد چیئرمین الیکٹرونک میڈیا، زرار علی خاں، ارشد علی شامی، شاہد عمر، محمد طاہر میو، محمد جمیل سندھو، مہر مراد علی ایڈووکیٹ، و دیگر صحافیوں کی بڑی تعداد نے کہا کہ صحافیوں کے خلاف بے بنیاد مقدمات کا اندراج روکنے اور صحافیوں کے ساتھ ہونے والے ناروا سلوک روکنے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

خواندگی میں اضافہ کیلئے جدید علوم کی ترویج لازم ہے، پروفیسر ذوالفقار زکریا



ملکی ترقی کیلئے تعلیمی شعبہ میں جدید اصلاحات ناگزیر ہیں مگر افسوس کیساتھ کہنا پڑتا ہے کہ حکومت وقت کی اس جانب توجہ ہے نہ ہی کوئی فکر۔ تعلیمی میدان میں اصلاحات کی ضرورت ہے بین الاقوامی طریقہ تدریس کے مطابق معیاری تعلیم کیلئے موجودہ سلیبس کو جدید خطوط پر استوار کر کے ہی فرسودہ نظام تعلیم سے چھٹکارہ ممکن ہے مگر اس کے لئے حکومتی سطح پر عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ ان باتوں کا اظہار جدید طریقہ تدریس اور ہم موضوع پر دی ناج ان سکول کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار میں معروف ایجوکیٹر پروفیسر زوالفقار علی زکریا اور جناح کا پاکستان کے سینٹرل گورنر شاف علی کھاڈ نے دوران خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پڑوسی ممالک بھارت بنگلہ دیش سمیت دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں معاشی ترقی کیلئے تعلیمی شعبہ میں جدید طریقہ تدریس کے ذریعہ اصلاحات کے بعد نئی نسل عملی طور پر اس کے ثمرات ملکی تیز ترین ترقی کی صورت میں حاصل کر تیز ترین ترقی کرنے والے ممالک میں شامل ہو چکے ہیں جبکہ ہم پاکستانی آج 76 سال کے بعد بھی فرسودہ طریقہ تدریس میں الجھے بیٹھے ہیں کیونکہ ہماری حکومتوں کی توجہ پاکستانی مستقبل کے معماروں کی تعلیم وتربیت کی بجائے پیسہ کمانے ڈنگ ٹپاؤ پالیسی ہے جس کو اب ابھی وقت عملی سوچ و تعلیمی پالیسیوں سے اب بدلنا ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب خود نکاسی آب آپریشن کی نگرانی کر رہی ہیں

میاں ذیشان رفیق

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق تمام شہریوں میں میونسپل کارپوریشن/کمیٹیز، اور ضلع کونسلز اور ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز میں واسا کی نگرانی میں ایمرجنسی رین کیمپس قائم کر دیئے گئے ہیں

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق کا اراکین صوبائی اسمبلی اور ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ شہر کا دورہ، بارشی پانی کے نکاس کیلئے جاری انتظامات کا جائزہ لیا۔۔۔ چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن محمد افضل، چیف آفیسر ضلع کونسل فدا افتخار میر کی زیر قیادت عملہ ضلع کونسل و میونسپل کارپوریشن کی فلڈ ڈیوٹی پر چاک وبند ستی و مستعدی سے عملی کاروائیوں میں مصروف تھا۔ اس دوران صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین، اراکین صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ، فیصل اکرام چودھری اور چودھری نوید اشرف کے ہمراہ ریلوے روڈ، دارہ آرائیاں، ایبٹ روڈ، چرچ روڈ، کچہری روڈ اور علامہ اقبال چوک سمیت دیگر علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا اور بارشی پانی کے نکاس کیلئے ایس ڈبلیو ایم سی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف مون سون کی بارشوں کے دوران لاہور سمیت صوبہ بھر کے تمام اضلاع اور شہریوں میں بارشی پانی کے نکاس کیلئے جاری آپریشن کی براہ راست نگرانی کر رہی ہیں۔ اپنے میڈیا بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق تمام شہریوں میں میونسپل کارپوریشن/کمیٹیز، اور ضلع کونسلز اور ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز میں واسا کی نگرانی میں ایمرجنسی رین کیمپس قائم کر دیئے گئے ہیں جہاں پر سینی ٹیشن کا عملہ تمام مشینری کے ہمراہ موجود ہے اور ایس او پیز کے مطابق بارش کے آغاز کے ساتھ ہی آپریشن شروع کر دیا جاتا ہے جس کے نتیجے میں نشیبی علاقوں سے جہاں پہلے کئی دن بارشی پانی جمع رہتا تھا اب چند گھنٹوں میں اس کا نکاس ممکن ہو گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے صوبائی وزیر کو بتایا کہ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی کنٹرول روم 24 گھنٹے 7 دن آپریشن ہے۔ ایس ڈبلیو ایم سی موسم برسات میں نالوں کی صفائی ستھرائی کو جاری رکھے ہوئے ہیں جبکہ تمام ڈسپوزل اسٹیشنز بھی پوری طرح فنکشنل ہیں اور اسٹینڈ بائی جنریٹر رکھے گئے ہیں۔ 4 اگست کی رات 12 بجے سے دوپہر 12 بجے تک شہر میں 58 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی اور بارش کے دوران کی سیٹی ایشن کا عملہ فیلڈ میں موجود تھا۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ ضلع سیالکوٹ کی دیگر تحصیلوں میں بھی بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ ضلع سیالکوٹ کی دیگر تحصیلوں میں بھی بارش کا سلسلہ جاری ہے۔

نالہ ایک کی پوزیشن سٹیبل ہے، طاہر مجید کپور

نالہ بھیڈ و نیکا پورہ پل ایک سے گزرنے والے نالہ ایک کی مسلسل سرویلنس کی جارہی ہے



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کی ہدایات پر شہر اقبال کے نالہ بھیڈ و نالہ ایک میں ہائی طغیانی کی خبروں کے بعد سول ڈیفنس سیالکوٹ کو باضابطہ الرٹ کر دیا گیا ہے۔ سی۔ڈی۔پی والنٹیئرز کی جانب سے سیالکوٹ کے وسطی نالہ بھیڈ و نیکا پورہ پل ایک سے گزرنے والے نالہ ایک کی مسلسل سرویلنس کی جارہی ہے۔ اس دوران سول ڈیفنس سیالکوٹ والنٹیئرز شہریوں کی حفاظت اور کسی بھی متوقع سیلابی صورتحال کی جانچ کیلئے پانی کی سطح کی مکمل رپورٹ بزریعہ ڈویژن وارڈن 1 محمد اسلام میر و فوکل پرسن و ڈویژن وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ حدید آحمد بٹ باقاعدہ چیف وارڈن سول ڈیفنس طاہر مجید کو دے رہے ہیں۔ ایبٹک کی رپورٹس کے مطابق نالہ ایک و نالہ بھیڈ کی پوزیشن نارمل ہے جبکہ ہیڈ مرالہ کے مقام پر بلکے درجے کی طغیانی کی اطلاعات ہیں مگر پانی کا فلو تیز ہے۔ اسوقت تک کسی قسم کی سیلابی صورتحال درپیش نہیں ہے۔ دوسری جانب چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کا کہنا ہے کہ مجھے اپنے متعدد سول ڈیفنس سیالکوٹ ایجوکیٹوز و تمام والنٹیئرز پر فخر ہے جو ہمیشہ کی طرح فلڈ ڈیوٹی بھی انتہائی چابک دستی و مہارت سے ادا کر رہے ہیں۔

جی ٹی روڈ گوجرانوالہ بلاک کا سہرا بھی ٹریفک سٹاف کے سر

قلعہ چندا۔ کنگنی والہ۔ نگار سینما چوک۔ شیخوپورہ چوک ایمن آبادی چوک سمیت متعدد چوکوں میں عارضی رکاوٹیں

عارضی رکاوٹیں لگانے کی وجوہات سے عوام لاعلم، وارڈن کی ڈیوٹی صرف چالان تک محدود، ٹریفک تعطل کا شکار

روکاوٹیں کھولی جائیں، اشاروں کو فعال کیا جائے، عوام کا سی ٹی او، آر پی او سے مطالبہ



گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) جی ٹی روڈ گوجرانوالہ پر روڈ بلاک کرنے کا سہرا ماشاء اللہ ٹریفک سٹاف پر جاتا ہے۔ قلعہ چندا۔ کنگنی والہ۔ نگار سینما چوک۔ شیخوپورہ چوک ایمن آبادی چوک۔ لیبارٹری ہوٹل چوک۔ لاہوری دروازہ چوک۔ سیالکوٹی دروازہ۔ گوندانوالہ چوک۔ لاری اڈا چوک فیروز والہ پل۔ کچھر والی پل کو عارضی روکاوٹیں لگا کر بند کرنے کی کیا وجوہات ہیں؟؟؟؟؟ جہاں پر ٹریفک کنٹرول کرنے والے سٹاف صرف ایک طرف کھڑے ہو کر چالان پورے کرنے کا ٹارگٹ مکمل کر رہے ہوتے ہیں۔ آخر یہ روکاوٹیں کیوں لگائی گئی ہے کیا وجوہات ہیں۔ ٹریفک کنٹرول کرنے کے لیے سٹاف وارڈن سے ڈیوٹی صرف چالان کرنے کی لی جارہی ہے جب کہ اب چوکوں میں کھڑے کرنے کے لیے عملہ موجود نہیں صرف ان وردن کو سہولت دینے کے لیے عوام کو ذلیل وخوار کی جاتا ہے دور دور یوٹرن بنائے گئے ہیں قلعہ چندا دو کلو میٹر دور یوٹرن ہے شیخوپورہ موڑ ناداہ دفتر کے آگے یوٹرن ہے جو ڈھائی کلو میٹر ہے۔ لیبارٹری ہوٹل جہاں سے سڑک شیرانوالہ باغ کی طرف جاتی ہے سارا دن موٹر سائیکل فٹ پاتھ سے اٹھا کر گزرے ہیں لاہوری دروازہ پھاٹک کی ٹریفک رونگ سائیڈ سے سیالکوٹی دروازہ کی طرف جاتی ہے۔ اس طرح ساری ٹریفک کا نظام خراب ہوا ہے مگر کسی کو اس بات کا احساس نہیں محترمہ ٹریفک چھوڑ کر گدھی کی عیادت کرنے وزیر آباد جاتی ہیں مگر سڑکوں پر چاند گاڑیوں رکشوں اور ریڑھیوں کی روکاوٹیں نظر نہیں آتیں۔ شیرانوالہ پھاٹک سیالکوٹی پھاٹک اور گوندانوالہ پھاٹک فروٹ کی ریڑھیوں سے بھرے پڑے ہیں وارڈن صاحبان غائب ہوتے ہیں کوئی لفٹر نظر نہیں آتا۔ لفٹر والے سارا دن جیل اور سیشن کورٹ کے آگے سے گاڑیاں بٹانے میں لگے ہوتے ہیں۔ کس کو سمجھائیں سب کے سب پڑھے لکھے ہیں ہم ان پڑھوں کی بات کسی کی سمجھ میں آتی ہی نہیں۔ یہ روکاوٹیں کھولی جائیں اشاروں پر عملہ موجود ہو تو شہر کا یہ حال نہ ہو cto ٹریفک اور RPo.CPO گوجرانوالہ کوئی پلاننگ کریں اور گوجرانوالہ کے اس ہجوم بر پا ٹریفک بلاکنگ سے نجات دلائیں شکریہ

ملک محمد یار شاہد نوناری پرسنل اسسٹنٹ ٹو ایڈیشنل سیکرٹری ایڈمن لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ پنجاب ساڑھے اکتالیس سال سروس مکمل ہونے کے بعد اپنے عہدہ سے ریٹائرڈ ہو گئے



دیپالپور (زاہد عمران تجنوعہ قوت) اوکاڑہ ملک محمد یار شاہد نوناری پہلی پوسٹنگ 1983 عشر زکوۃ ڈیپارٹمنٹ اوکاڑہ تعینات ہوئے یہاں 18 سال بطور کیشیئر سٹور کیپر فرائض منصبی احسن طریقے سے سر انجام دیئے سیکرٹری انفارمیشن کلچر ڈیپارٹمنٹ پنجاب بطور پی اے 2 سال سید رضا علی گیلانی منسٹر ہاؤسنگ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ بطور پی اے 5 سال سیکرٹری کامرس انویسٹمنٹ ڈیپارٹمنٹ پنجاب بطور پی اے 3 سال، ڈپٹی سیکرٹری انویسٹمنٹ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ پنجاب بطور پی اے 10 سال ایڈیشنل سیکرٹری ایڈمن لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ بطور پرسنل اسسٹنٹ 5 سال فرائض سر انجام دیئے۔ ساڑھے اکتالیس سال سروس مکمل کرنے کے بعد آج مورخہ 04-08-2024 اپنی خدمات سے سبکدوش ہو گئے اس موقعہ پر محترمہ میڈم ملیحہ رشید صاحبہ ایڈیشنل سیکرٹری ایڈمن لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ نے تحائف اور اپنی خصوصی دعاؤں سے نوازا۔ انتہائی درویش صفت انسان افضل اشرف سیکشن آفیسر جنرل محمد ناصر کیریٹیکر محمد نوید مینٹو گرافر کاشف حسین جوئیہ محمد احمد عبدالشکور عبدالمجید وسید مالک اشتر بھی موجود تھے۔ ملک محمد یار شاہد نوناری نے سب دوستوں کا تہہ دل سے شکر ادا کیا۔ جنہوں نے انہیں بڑے عزت واحترام سے رخصت فرمایا اللہ تعالیٰ سب دوستوں پہ اپنا خصوصی فضل وکرم فرمائے آمین ثم آمین

چنیوٹ: سات ملزمان کا حساس ادارے کے اہلکار کی والدہ پر تشدد

متاثرہ خاندان کا ڈی پی او چنیوٹ عبداللہ احمد سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سات ملزمان نے حساس ادارے کے اہلکار کی والدہ کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا جاتے ہوئے خاتون کو درخت کے ساتھ باندھ دیا تھانہ بھوانہ پولیس ملزمان کے خلاف کاروائی نہ کر سکی متاثرہ خاندان کا ڈی پی او چنیوٹ عبداللہ احمد سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق موضع دروہنہ کھرلاں تحصیل بھوانہ کے رہائشی آری کے ملازم محمد عبدالرزاق نے میڈیا نمائندگان کو بتایا کہ میرے بھائی عرفان کی بیوی کے درمیان کچھ عرصہ قبل جھگڑا ہوا جس کی وجہ سے میری بھابھی ساجدہ بی بی نے میرے بھائی کر خرچے کا دعوی کیا ہوا ہے میری بھابھی نے اپنے گھر والوں اپنے بھائیوں کو ساتھ ملا کر ہمارا جینا محال کیا ہوا ہے گزشتہ دنوں سات ملزمان مقصود احمد، محمد رمضان، عرفان، محمد اشرف، حیات، ریاض اور کانسٹیبل محمد سلیم ہمارے گھر میں

ملکی تاریخ کی پہلی سرکاری موبائل ورکشاپ سروس "مکینک آن وہیلز" کا آغاز

شہری 15 کال کر کے موبائل ورکشاپ سروس سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں



عارفوالا (نمائندہ قوت نوید احمد ڈوگر سے) ملکی تاریخ کی پہلی سرکاری موبائل ورکشاپ سروس "مکینک آن وہیلز" کا آغاز۔ ساہیوال کے شہری اب گاڑی خراب ہونے پر 15 کال کر کے موبائل ورکشاپ سروس سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔ ڈی پی او فیصل شہزاد نے عوام دوستی کی ایک نئی مثال قائم کر دی۔ ضلع کی سطح پر ملکی تاریخ کی پہلی سرکاری موبائل ورکشاپ سروس شہریوں کیلئے ایک بڑا تحفہ ہے۔ ڈی پی او فیصل شہزاد نے "مکینک آن وہیلز" ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر سعید احمد لودھی کے حوالے کرتے ہوئے بتایا کہ "مکینک آن وہیلز" موبائل ورکشاپ سروس بالکل فری ہے۔ شہری گاڑی خراب ہونے کی صورت میں ضلع ساہیوال کی حدود سے کسی بھی وقت 15 پر کال کر کے پولیس موبائل ورکشاپ سروس سے مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ ڈی ٹی او سعید احمد لودھی نے بتایا کہ "مکینک آن وہیلز" پر تجربہ کار موٹر مکینکس مکمل کٹ کے ساتھ موجود ہیں جو کوشش کرینگے کہ گاڑی کو موقع پر ٹھیک کر دیا جائے تاہم کسی بڑی خرابی کی صورت میں خراب گاڑی کو ٹوچن کر کے نزدیکی ورکشاپ میں پہنچایا جائیگا۔ اس موقع پر سینئر ٹریفک وارڈن ملازم حسین، ترجمان پولیس محمد یٰسین اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے

خدمت خلق اور سکون



خدمت خلق ایک ایسا عمل ہے جو انسان کو دوسروں کی مدد کرنے پر آمادہ کرتا ہے۔ یہ عمل نہ صرف معاشرتی بھلائی کا باعث بنتا ہے بلکہ فرد کی روحانی سکون میں بھی اضافہ کرتا ہے۔ خدمت خلق کی مختلف شکلیں ہیں جیسے خیرات دینا، رضاکارانہ خدمات انجام دینا، اور معاشرتی مسائل میں مدد کرنا۔ جب انسان دوسروں کی مدد کرتا ہے، تو وہ خود بھی سکون محسوس کرتا ہے کیونکہ دوسروں کی مدد کرنے سے انسان کی خود اعتمادی اور خوشی میں اضافہ ہوتا ہے۔ اگر ہمیں اپنے رب نے کچھ دیا ہے، تو یہ ضروری ہے کہ ہم اس میں سے دوسروں کو بھی حصہ پہنچائیں۔ اس سے یہ حقیقت عیاں ہوتی ہے کہ جو کچھ بھی ہمارے پاس ہے، وہ صرف ہماری ذاتی ملکیت نہیں بلکہ ایک اجتماعی امانت ہے۔ اگر ہم اس امانت کو لوگوں تک نہ پہنچائیں، تو یہ بددیانتی کی بات ہوگی۔ دوسروں کی مدد کرنا، ہماری ذمہ داری ہے اور اس میں ہماری فلاح بھی ہے۔ سکون کی حالت وہ داخلی مطمئن محسوس کرنے کی کیفیت ہے جو انسان کی ذہنی، جسمانی، اور روحانی حالت سے وابستہ ہے۔ سکون حاصل کرنے کے مختلف طریقے ہیں، مثلاً روحانی عبادات، ورزش، مناسب غذا، اور مثبت سوچ اپنانا۔ جب انسان ان طریقوں سے سکون حاصل کرتا ہے، تو اس کی زندگی میں توازن اور خوشی آتی ہے۔ خدمت خلق اور سکون کے درمیان ایک گہرا تعلق ہے۔ دوسروں کی مدد کرنا اور خود سکون حاصل کرنا، دونوں ایک دوسرے کے تکمیل کرتے ہیں۔ دوسروں کی مدد کرنے سے ان کی زندگیوں میں بہتری آتی ہے اور خود انسان بھی روحانی اور ذہنی سکون حاصل کرتا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ خدمت خلق اور سکون ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں۔ دوسروں کی مدد کرنا اور خود سکون حاصل کرنا، دونوں ایک بہتر زندگی کی ضمانت ہیں۔ یہ عمل انسان کی فلاح اور خوشی کا باعث بنتا ہے اور زندگی کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کرتا ہے۔

لیاقی: گورنمنٹ حنیف بیگم ایسوسی ایٹ کالج میں داخلہ مہم جاری

مکمل کوالیفائڈ اساتذہ اور بہترین تعلیمی ماحول فراہم کر رہے ہیں، سلمی ظفر

مصطفی آباد/لیاقی (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ حنیفاں بیگم ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین مصطفی آباد میں داخلہ مہم جاری، ہماری داخلہ مہم 15 اگست تک جاری رہے گی۔ ہمارے کالج میں مکمل کوالیفائڈ اساتذہ اور بہترین تعلیمی ماحول فراہم کر رہے ہیں، ہم نمایاں نمبر حاصل کرنے والی بچیوں کو سکالرشپ دے رہے ہیں: سلمی ظفر وائس پرنسپل، تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ حنیفاں بیگم ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین مصطفی آباد میں داخلہ مہم جاری کا سلسلہ جاری، وائس پرنسپل سلمی ظفر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فٹ ائیر فری میڈیکل فری انجینئرنگ، آئی سی ایس، ایف ایس سی، ایف اے آئی ٹی، بی ایس، بی ایڈ، اے ڈی پی آرٹ اینڈ سائنس کے داخلے جاری ہیں، جہاں پر انتہائی مناسب فیس میں طالبات کو ایم فل، پی ایچ ڈی اساتذہ سے پڑھنے کا موقع ملتا ہے۔



سیالکوٹ: ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین سنٹر آف ایکسی لینس گورنمنٹ لیڈی اینڈ ریسن کی گورننگ باڈی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

نارنگ منڈی: علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا امتحانی سنٹر ختم کر دیا گیا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا امتحانی سنٹر ختم کر دیا گیا ہزاروں طلبہ اور طالبات کو مشکلات کا سامنا امتحانی سنٹر مرید کے منتقل ہونے سے دشوار ہوگی سنٹر دوبارہ نارنگ بنایا جائے تفصیل کے مطابق نارنگ منڈی اور گردونواح کے ہزاروں طلباء اور طالبات علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کر رہے ہیں اس کیلئے امتحانی سنٹر نارنگ بنایا گیا تھا جو کچھ عرصے بعد نارنگ سے تقریباً 23 کلو میٹر دور مرید کے منتقل کر دیا گیا ہے جس سے امحان دینے والے سینکڑوں طلبہ اور طالبات کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا والدین اور طلبہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے امتحانی سنٹر کو نارنگ منڈی میں دوبارہ بحال کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

عقیدہ ختم نبوت پر ہماری جان بھی قربان ہے، چوہدری نثار گجر



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) عقیدہ ختم نبوت پر ہماری جان بھی قربان ہے اقلیتو

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

کاش سیاست ریاست کے لیے ہوتی!!!!

چونکہ میں نے اپنا خود روشوں کے شیشے میں کچھ کام کیا ہوا ہے، چونکہ میں نے کچھ عرصہ حکومت میں رہتے ہوئے مہنگائی قابو کرنے اور اشیاء خورد ونوش کی بلا تعطل اور مناسب قیمتوں پر فراہمی کے لیے اس ملک کے سب سے بڑے صوبے کے اہم شہروں میں بھاگ دوڑ کی ہے، درجنوں میٹنگز کی ہیں، اعلیٰ سطحی میٹنگز کا حصہ رہا ہوں اس لیے مجھے مہنگائی کے حوالے سے بات ہوتی ہے یا پھر ہمارا جائز منافع خوری پر بحث ہوتی ہے یا پھر بڑے بڑے صنعتکاروں، بڑے بڑے کاروبار کرنے والوں، بڑے بڑے اداروں کے مالکان جو براہ راست فوڈ انڈسٹری سے منسلک ہیں تو دل خون کے آنسو روتا ہے کہ اس ملک میں وسائل سے محروم افراد کے ساتھ یہ کیسا ظلم ہو رہا ہے، کیا یہ ممکن ہے کہ حکومت عام آدمی کی زندگی میں سہولت پیدا کرنا چاہتی ہو اور اسے ناجائز منافع خوری کا خاتمہ چاہتی ہو، حکومت اشیاء خورد ونوش کی بلا تعطل فراہمی چاہتی ہو، حکومت ناجائز منافع خوری کو روکنا چاہتی ہو، حکومت ناجائز منافع خوری کی سختی سے روک تھام چاہتی ہو، حکومت ذخیرہ اندوزی کی سختی سے روک تھام چاہتی ہو، حکومت ملاوٹ کی روک تھام چاہتی ہو، حکومت ناجائز منافع خوری کی سختی سے روک تھام چاہتی ہو، حکومت ملاوٹ کی روک تھام چاہتی ہو، حکومت ملاوٹ کی روک تھام چاہتی ہو، حکومت ملاوٹ کی



چیمپئنز ٹرافی 2025 میزبانی پاکستان کو مل گئی

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کیلئے ڈرافٹ شیڈول منظر عام پر آگیا۔ کرک بز کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں شیڈول چیمپئنز ٹرافی 2025 کا انعقاد 19 فروری سے 9 مارچ تک کھیلا جائے گا

لاہور (ویب ڈیسک) چیمپئنز ٹرافی 2025؛ ڈرافٹ شیڈول منظر عام پر آگیا، ایونٹ کی میزبانی پاکستان کے سپرد ہے۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کیلئے ڈرافٹ شیڈول منظر عام پر آگیا۔ کرک بز کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں شیڈول چیمپئنز ٹرافی 2025 کا انعقاد 19 فروری سے 9 مارچ تک کھیلا جائے گا جس کیلئے ڈرافٹ شیڈول جاری منظر عام پر آگیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 12 سے 18 فروری تک سات دن کا وقفہ سپورٹ پیریڈ کے طور پر مختص کیا گیا ہے، جس میں میزبان اور مہمان ٹیموں کی پریکٹس میچز میں حصہ لیں گی جبکہ میڈیا اور نشریاتی سرگرمیاں رکھی گئی ہیں۔ اسی طرح 10 مارچ کو فائنل کیلئے ریزرو ڈے کے طور پر رکھا گیا ہے۔ آخری بار چیمپئنز ٹرافی سال 2017 میں کھیلی گئی تھی۔

ناروے کپ فٹبال، پاکستان سے جانے والی دونوں ٹیمیں ٹائٹل نہ جیت سکیں



ٹورنٹو (این این آئی) ناروے کپ فٹبال میں پاکستان سے جانے والی دونوں ٹیمیں ٹائٹل نہ جیت سکیں۔ انڈر 15 میں شریک بیٹر فیوچر پاکستان کو فائنل میں شکست ہوئی جس کے بعد اس نے ٹورنامنٹ میں دوسری پوزیشن حاصل کی جبکہ انڈر 17 میں اسٹریٹ چائلڈ ٹیم نے تیسری پوزیشن کے میچ میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ دونوں ٹیمیں پنالٹی شوٹ آؤٹ پر ناکام ہوئیں۔ ناروے کپ 15 کا فائنل ناروے کے کلب لٹم کام اوسلو کے نام رہا، اس نے فائنل میں پاکستان کی بیٹر فیوچر پاکستان ٹیم کو شکست دی، مقابلہ مقررہ وقت پر 2-2 سے برابر رہا جس کے بعد پنالٹی شوٹ آؤٹ پر پاکستان کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ بیٹر فیوچر پاکستان کے پلیئر سلمان نے ایک گول اسکور کیا، دوسرا گول شہباز نے گول کیا۔ قومی اسٹریٹ چائلڈ فٹبال ٹیم ناروے کپ میں تیسری پوزیشن کا میچ پنالٹی ککس پر ہار گئی۔ انڈر 17 میں پاکستان اسٹریٹ چائلڈ فٹبال ٹیم کو ناروے کے سوترا کلب نے 5-4 سے پنالٹی ککس پر ہرایا۔ مقررہ وقت پر میچ 1-1 سے برابر تھا۔ ناروے کپ میں سب سے زیادہ گول کرنے کا اعزاز پاکستانی کھلاڑی محمد کاشف کو ملا۔

پیرس اولمپکس میں زیادہ میڈلز جیتنے کی دوڑ جاری، چین 16 گولڈ میڈلز کے ساتھ ٹاپ پوزیشن پر

پیرس (این این آئی) پیرس اولمپکس میں زیادہ میڈلز جیتنے کی دوڑ جاری ہے، مقابلوں کے 8 ویں روز بھی چین 16 گولڈ میڈلز کے ساتھ ٹاپ پوزیشن پر ہے۔ پیرس اولمپکس کے آٹھویں روز امریکی ایتھلیٹس نے عمدہ پرفارمنس کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے ملک کو 14 گولڈ میڈلز کے ساتھ دوسری پوزیشن پر پہنچایا۔ شوٹنگ کے 25 میٹر ویمن پسٹل ایونٹ میں جنوبی کوریا نے گولڈ میڈل جیتا جبکہ ویمن رونگ سنگل اسکلز کا فائنل نیدرلینڈز کی فلور جن کیر ولین نے اپنے نام کیا۔ رونگ ویمن ایٹ اے فائنل رومانیہ کے نام رہا، اسی طرح رونگ مینز ایٹ اے فائنل برطانیہ نے جیتا، رونگ مینز سنگل اسکلز میں جرمنی کے زیلڈ راویلور نے گولڈ میڈل حاصل کیا۔ ٹینس کے مینز ڈبلز ایونٹ میں آسٹریلین جوڑی گولڈ میڈل کی حقدار رہی۔ ایکوسٹیرین کے ڈریج ٹیم گراں ایشیل میں جرمنی ٹیم نے گولڈ میڈل حاصل کیا، مینز روڈ سائیکلنگ میں کولمبیا کے نے گولڈ میڈل حاصل کیا۔ سیلنگ کے ویمن ونڈ سرفنگ ایونٹ میں اٹلی نے گولڈ میڈل حاصل کیا، جبکہ سیلنگ کے مینز ونڈ سرفنگ میں اسرائیل نے گولڈ میڈل اپنے نام کیا۔

پیرس اولمپکس: بھارتی حکومت نے اپنے دستے کی بڑی مشکل آسان کر دی، اپنے دستے کو 40 ایئر کنڈیشنڈ دے دیئے

پیرس (این این آئی) پیرس اولمپکس میں بھارتی حکومت نے اپنے دستے کی بڑی مشکل آسان کر دی' گرمی لگنے پر 40 ایئر کنڈیشنڈ دے دیئے۔ اولمپک ویلج میں رہائش کے دوران بھارتی ایتھلیٹس کو گرمی کی شکایات تھیں، بھارتی حکومت نے اپنے ایتھلیٹس کی شکایات کو دور کر دیا۔ بھارتی حکومت نے اپنے ایتھلیٹس کو اولمپک ویلج میں 40 ایئر کنڈیشنڈ مہیا کر دیے۔

امریکی سوئمر کیٹی لیڈیکی نے 50 سالہ پرانا ریکارڈ برابر کر دیا



پیرس (این این آئی) امریکی سوئمر کیٹی لیڈیکی نے پیرس اولمپکس میں 800 میٹر فری اسٹائل کا گولڈ میڈل جیت کر اولمپکس کی تاریخ میں کسی بھی خاتون ایتھلیٹ کا سب سے زیادہ گولڈ میڈل جیتنے کا 50 سالہ پرانا ریکارڈ برابر کر دیا۔ کیٹی لیڈیکی نے پیرس اولمپکس میں خواتین کی 800 میٹر فری اسٹائل سوئمنگ میں گولڈ میڈل جیتا۔ یہ ان کے اولمپک کیریئر کا 9 واں گولڈ میڈل تھا جس کے ساتھ انہوں نے سویت جمناسٹ لاریسا لاتینینا کا 50 سال پرانا ریکارڈ برابر کیا۔ 50 سال قبل سویت جمناسٹ نے 9 گولڈ میڈلز جیت کر سب سے زیادہ اولمپک گولڈ جیتنے والی خاتون ایتھلیٹ ہونے کا ریکارڈ بنایا تھا، جسے ہفتے کی شب کیٹی لیڈیکی نے برابر کیا۔ 2012 میں خواتین کی 800 میٹر، 2016 میں خواتین کے 200، 400 اور 800 میٹر انفرادی گولڈ کے علاوہ 4 ضرب 200 فری اسٹائل میڈلے کا بھی گولڈ میڈل جیتا تھا۔ ٹوکیو میں انہوں نے 800 اور 1500 میٹر کے فری اسٹائل گولڈ میڈل جیتے جبکہ 2024 میں انہوں نے 800 میٹر سے قبل 1500 میٹر کا انفرادی گولڈ میڈل بھی جیتا تھا۔ سویت جمناسٹ لاتینینا نے 1956 سے 1964 تک 9 اولمپک گولڈ میڈلز جیتے تھے۔

پی سی بی نے ڈسپلنری کمیٹی کی تشکیل کے حوالے سے نشر ہونے والی خبروں کی سختی سے تردید کر دی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے ڈسپلنری کمیٹی کی تشکیل کے حوالے سے نشر ہونے والی خبروں کی سختی سے تردید کر دی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق ڈسپلنری کمیٹی بنائی گئی ہے نہ کسی کرکٹر کے خلاف ایکشن لینے کا فیصلہ کیا گیا۔ پی سی بی کے مطابق کمیٹی تشکیل اور رپورٹ بنانے کا ٹاسک دینے کے حوالے سے خبریں بے بنیاد اور حقائق سے منافی ہیں۔ پی سی بی کے مطابق کھلاڑیوں پر پابندی لگانے اور جرمانہ عائد کرنے کے سلسلے میں خبر من گھڑت ہے۔

آزادی کپ ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ ناگزیر وجوہات کی بنا پر ملتوی کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن نے آزادی کپ ٹین پن باؤلنگ پلیئیمپئن شپ ناگزیر وجوہات کی بنا پر ملتوی کر دی ہے، یہ چیمپئن شپ پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام 8 اگست سے 14 اگست تک لیزر سٹی باؤلنگ کلب، جناح پارک، راولپنڈی میں کھیلی جانے تھی۔

ایشین انڈر۔18 والی بال چیمپئن شپ، چین کی پاکستان کو شکست



منامہ (این این آئی) ایشین انڈر۔18 والی بال چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں سنسنی خیز اور اعصاب شکن مقابلے میں زبردست فائٹ کے بعد پاکستان انڈر۔18 ٹیم چین سے ہار گئی۔ چین نے فائنل میں جگہ بنالی جبکہ پاکستان تیسری پوزیشن کا میچ کھیلے گا۔ بحرین میں ایشین انڈر۔18 والی بال چیمپئن شپ کے فائنل میں پاکستان اور چین کے درمیان سنسنی خیز سیمی فائنل ہوا، بھی چین کی ٹیم بسقت لے جاتی تو کبھی پاکستان کا پلڑا بھاری لگتا۔ دونوں ٹیموں نے میچ میں بھرپور صلاحیتوں اور مضبوط اعصاب کا مظاہرہ کیا۔ چین نے پہلا سیٹ جیتا تو پاکستان نے دوسرا، پھر چین نے بسقت لی تو چوتھے میں پاکستان نے 21-16 کے خسارے سے کم بیک کرتے ہوئے مقابلہ برابر کر دیا۔ تاہم فیصلہ کن سیٹ میں چین بسقت لے جانے میں کامیاب رہا۔ پاکستان کے خلاف چین کی کامیابی کا اسکور 23-25، 22-25، 25-23 اور 8-15 رہا۔ پاکستان کی جانب سے ابوبکر، مہتظ علی شاہ، محمد انس اور محمد یحییٰ نے نمایاں کھیل کا مظاہرہ کیا۔ سیمی فائنل میں شکست کے بعد پاکستان ٹیم اب تیسری پوزیشن کا میچ کھیلے گی۔ ایشین انڈر۔18 والی بال چیمپئن شپ میں ٹاپ فور میں جگہ بناتے ہوئے پاکستان نے اگلے سال ہونیوالے ورلڈ انڈر۔19 والی بال چیمپئن شپ کیلئے بھی کوالیفائی کر لیا۔



جونی بریسٹو نے حالیہ سیزن میں پہلی ففٹی بنالی

بیٹی کی پرورش لڑکیوں کی طرح ہوئی، ایمان خلیف کے باپ کا انٹرویو



پیرس (این این آئی) پیرس اولمپکس کے دوران تنازعات میں الجھی الجزائر کی باکسر ایمان خلیف کے والد کا کہنا ہے کہ ان کی بیٹی لڑکی ہے، اس کی پرورش لڑکیوں کی طرح ہوئی اور کیمپ کی ہر دستاویز میں وہ بطور لڑکی ہی درج ہے۔ پیرس اولمپکس میں ایمان خلیف کے مقابل اطالوی باکسر کے باؤٹ سے 46 سیکنڈز میں دستبردار ہو جانے کے بعد سے الجزائر کی باکسر تنازع کا شکار ہے جس میں ان کی خواتین باکسنگ کے مقابلوں میں شرکت کی اہلیت موضوع بحث بنی ہوئی ہے۔ اس معاملے پر ایمان خلیف کے والد عمار خلیف نے ایک فرانسیسی ٹی وی کو انٹرویو کے دوران کیمپ کی دستاویزات بھی پیش کیں جس میں ایمان خلیف کی تاریخ پیدائش درج ہے اور ساتھ ان کا لڑکی ہونا تحریر ہے۔





انجینئر زکا مستقبل ہماری اولین ترجیح ہے: انجینئر احمد شہزاد چغتائی

کئی سالوں سے PEC پر مت بعض لوگوں نے کچھ نہیں کیا: انجینئر میاں طارق بشیر

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ٹیکنو انجینئر ز اوکاڑہ کے ممبر صوبائی اسمبلی انجینئر احمد شہزاد چغتائی کی الیکشن کے سلسلہ میں اوکاڑہ آمد انجینئر میاں طارق بشیر نے ان کا استقبال کیا۔اس موقع پر انجینئر عرفان اللہ ملک ،انجینئر شاہد اقبال ملک ،انجینئر جہانگیر بھی موجود تھے انجینئر احمد شہزاد چغتائی اور انجینئر میاں طارق بشیر نے الیکشن کے سلسلہ میں انجینئر زادہ افسران سے ملاقات کی اس موقع پر انجینئر احمد شہزاد چغتائی کا کہنا تھا کہ انجینئر زکا مستقبل محفوظ بنانا ہی ہماری اولین ترجیح ہے، انجینئر کی خدمت سے وابستہ ہر شخص ہی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کرے گا۔ہماری پوری کوشش ہوگی انجینئر میاں طارق بشیر کا کہنا تھا کہ ہر ووٹ کو عزت دلانا ہی ہمارا مقصد ہے۔ہم نے پہلے بھی کئی بار PEC پر قابض لوگوں کو انجینئر کی خدمت کرنے کی دعوت دی تھی اب بھی ہم یہ دعوت دیتے ہیں مگر اب کی بار ہم انجینئر کی خدمت کریں گے۔ہم ہمیشہ انجینئر کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہمیشہ کھڑے رہیں گے۔اس موقع پر انجینئر چغتائی نے کہا کہ پہلے بھی کئی بار کہہ چکا ہوں کہ انجینئر کی خدمت کرنا میرا فرض ہے اور میں اپنا فرض ادا کرتا رہوں گا۔ہم نے ہمیشہ انجینئر کی خدمت کی ہے اور ہمیشہ کرتے رہیں گے۔ہم نے ہمیشہ انجینئر کے حقوق کی جنگ لڑی ہے اور ہمیشہ لڑ

''قوت'' کلاسیفائیڈ
قوت
HIGHWAY

تمام اشتہارات نیٹ نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات واپس ہوں گے۔

اوٹ اور ریزہ صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چیکوں کے پیچھے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003



شہرِ خموشاں

ایک وڈیٹ بادی اسلم و مسکن ماعلم حق مورخہ 28-2-24 وقت 10:30 بعمر 5 سال 42 / 40 سال قد تقریباً 5 / 6 فٹ جسم سمارٹ رنگ گندمی اور آنکھ بلیک لیونگ روانی ہی شرٹ گلابی کلر کا ٹرؤزر بھورا ہے جس کو اس کے والدین ہوم ٹاؤن پکھروں پر رابطہ کرنے کی تلاش جاری ہے۔

غلام رہانی سابب اسٹیکر فتحانہ گوالمنڈی 0312-4008899

SHO فتحانہ گوالمنڈی 0331-3541111

محرر فتحانہ گوالمنڈی 0303-4365967

تعزیت 1

طفیانی کے تصلیلی تباہ و بربادیوں کے مکانات پانی میں ڈوب گئے۔ میانوالی میں بارش کے باعث پانی میں ڈوبنے سے طوفانی کے مصلوں کو شدید نقصان پہنچا، درجنوں مویشی بھی سیلاب سے لقمہ اجل بن گئے اور سوری ناموں میں طغیانی سے سیلابی ریلے نے دریائی بستیوں میں 100 سے زائد مکانات پانی میں ڈوب گئے علاوہ 100 سے زائد مکانات پانی میں ڈوب گئے علاوہ ازیں بستی اپنی مدآب کے شعبہ محفوظ ہوئے ہیں۔ بارشوں سے کنویاں کے قریب دریا سے نہ صرف طغیانی اور شدید ہزار کے مقام پر دریا کے سیلاب برقرار ہے۔ سندھ کے علاقے جیکب آباد، شکارپور اور اندرون میں بارش کے باعث پانی کی سطح کم ہونے سے کپاس کی فصل کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ ادھر بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے ڈھاڈر، بولان، مچھ اور کوئٹہ میں بارش کے باعث پانی کی سطح بلند ہوئی۔ پرائیویٹ سکیموں میں سوئی ناموں میں بھی شدید سے زیادہ ریکارڈ کیا گیا۔ ادھر خیبر پختونخوا کے ضلع کرک میں بارش کے باعث دریائے سے 2 پھنسے ہوئے 2 افراد کی جان بچائی گئی۔ ڈیرہ اسماعیل خان میں بارش کے باعث دریائے سے 2 افراد بہہ گئے۔ ضلع کرک میں دو پل بہہ گئے، متعدد مکانات کو نقصان پہنچا۔ ضلع کرک میں بارش کے باعث 5 افراد زخمی ہوگئے، جبکہ آبادی میں بھی دو درجن سے زائد مکانات کو نقصان پہنچا۔ ضلع کرک میں بارش سے مکان کی چھت گرنے سے 2 افراد جاں بحق ہوگئے۔ دادو میں مسلسل بارش سے نوی ناموں میں طغیانی آگئی، پانی کے بہاؤ کے باعث دریائے سے 2 افراد کے بہہ جانے کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے۔ ادھر پنجاب کے مختلف علاقوں میں بھی شدید سے زیادہ بارش ریکارڈ کی گئی۔ سیٹلائٹ سے موصولہ تصاویر میں بھی پنجاب کے بیشتر علاقے پانی میں ڈوبے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ ضلع بہاولپور میں بھی بارش کے باعث پانی کی سطح بلند ہوئی۔ پرائیویٹ سکیموں میں بھی پانی داخل ہوگیا۔ ضلع بہاولپور کے 4 دیہات میں بارش کے باعث پانی کی سطح بلند ہوئی

محکمہ صحت نے کسی بھی ڈاکٹری پرائیویٹ پریکٹس پر پابندی عائد نہیں کی

خواجہ عمران نذیر

ہسپتال سربراہان کو ہسپتالوں میں بھی شام کے اوقات میں پرائیویٹ پریکٹس کرنے کی ہدایت ہے۔ وزیر صحت

سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کی شام کے اوقات میں پرائیویٹ پریکٹس سے آنے والے مریضوں کو بہترین سہولت ملے گی

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے اپنے ایک اہم اور وضاحتی بیان میں کہا کہ محکمہ صحت نے کسی بھی ڈاکٹر کی پرائیویٹ پریکٹس پر پابندی عائد نہیں کی۔ محکمہ صحت نے تمام ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کی شام کے اوقات میں پرائیویٹ پریکٹس سے آنے والے مریضوں کو بہترین سہولت ملے گی۔ محکمہ صحت نے سرکاری ہسپتالوں میں پرائیویٹ پریکٹس کرنے کی ہدایت کی ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کی شام کے اوقات میں پرائیویٹ پریکٹس سے آنے والے مریضوں کی آسانی کیلئے سرکاری ہسپتالوں میں بھی شام کے اوقات میں پرائیویٹ

باقی صفحہ 33 پر ملاحظہ کریں



لاہور، چھٹی کے روز لاہور کی مرکزی شاہراہ جیل روڈ سنسان پڑی ہے

غریبوں کی کفالت کرنے والے تاریخ میں امر ہو جاتے ہیں جج حسنی علما کونسل

حافظ عبدالرشید کی زندگی کا ہر لمحہ انسانیت کی خدمت کے جذبے سے سرشار تھا، مولانا حافظ حسنین احمد

لاہور (این این آئی) معروف عالم دین و سرپرست اعلیٰ جامعہ نعیمیہ مراد آباد مولانا حافظ حسنین احمد نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت کے جذبے سے سرشار غریبوں کی کفالت کرنے والے تاریخ میں امر ہو جاتے ہیں، جب کوئی فرد ضرورت مندوں کی کفالت کرتا ہے، تو وہ بہتر معاشرہ تشکیل دینے میں

باقی صفحہ 35 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم اور وزیراعلیٰ مشکل حالات کے باوجود عوام کو ریلیف دینے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہے ہیں، ہاشم جمیل خان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی رکن قومی اسمبلی و مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کے جنرل سیکرٹری ہاشم جمیل خان نے عالمی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی فچ پلس کے پاکستان کی ریٹنگ نیگیٹو سے مثبت کرنے کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی عالمی ریٹنگ نیگیٹو سے مثبت ہونا درست معاشی پالیسی کا عالمی اعتراف ہے، ریاست کی خاطر سیاست کی قربانی کا ثمر آج معاشی بہتری کی صورت میں ملک قوم کو مل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف معاشی اصلاحات کے ایجنڈے پر دن رات کام کر رہے ہیں۔

تحریک تحفظ آئین بننے کے بعد پی ٹی آئی کے نئے اتحاد کا بھی مستقبل بھی تاریک ہے، فرح ناز اکبر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی رکن قومی اسمبلی و مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین اسلام آباد کی صدر فرح ناز اکبر نے جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ ملکی مسائل کا حل گرینڈ ڈائیلاگ اور انتخابی اصلاحات میں ہے، تحریک تحفظ آئین بننے کے بعد پی ٹی آئی کے نئے اتحاد کا بھی مستقبل بھی تاریک ہے، 7 جولائی میں ہی جماعت کے مبینہ سے کریڈ الائنس کی بات نہیں بنی، پی ٹی آئی والے بھی مثبت تر اے اور بھی بالجبر کھیلے گی اس کی ایکٹیلی چھوڑ دیں۔

موجودہ صورتحال میں ملک نئے الیکشن کا متحمل نہیں ہوسکتا، رانا جمیل منج

لاہور (این این آئی) پنجاب پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ موجودہ صورتحال میں ملک نئے الیکشن کا متحمل نہیں ہوسکتا بھی مسائل کا حل گرینڈ الائنس میں ہی پوشیدہ ہے جبکہ پی ٹی آئی کے اتحاد کا بھی مستقبل تاریک ہے، انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ وفاقی کی پہچان، امید پاکستان ہے، پاکستان ہمیشہ یکجان اور دوقلب رہے

کشمیریوں کی حمایت ترکوں کے ایمان کا حصہ، یہ قیامت تک جاری رہے گی، انجینئر رہان کا پارٹک

ترکی کی پارلیمان، حکومت اور عوام پاکستان اور کشمیری عوام کی حمایت سے کبھی دستبردار نہیں ہوں گے

چودری لطیف اکبر کی قیادت میں دفتری ترکی پارلیمان کے یورپی یونین رابطہ گروپ کے ہیڈ انجینئر رہان کا پارٹک

انقرہ (این این آئی) ترک پارلیمان کے یورپی یونین رابطہ گروپ کے ہیڈ انجینئر رہان کا پارٹک نے کہا کہ ترکیہ ہمیشہ کشمیریوں کے حق خود ارادیت کی حمایت کرتا رہے گا اور پاکستان ہمیشہ یکجان اور دوقلب رہے

نشتون سے دو اہم شعبہ جات ختم نہیں دیں گے، سید علی حیدر گیلانی

وزیر پنجاب ملتان کا دورہ کرکے نشتون اور ٹوبہ ڈیرہ کو ایکسپریس وے اور نشتون کو بھی فعال فعال کیا جائے

پاکستان پیپلز پارٹی کنونشن، پنجاب اور ملتان کے عوام نے میڈیٹ اپنے نمائندوں سے نوازا ہے کارکنان پر جائز و ناجائز کیسز اور نشتون کو بھی فعال فعال کیا جائے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نشتون میں دو اہم شعبہ جات ختم نہیں دیں گے، وزیر پنجاب ملتان کا دورہ کر کے نشتون اور ٹو

ملتان (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر سید علی حیدر گیلانی نے کہا کہ نشتون سے دو اہم شعبہ جات ختم نہیں دیں گے، وزیر پنجاب ملتان کا دورہ کر کے نشتون اور ٹوبہ ڈیرہ کو ایکسپریس وے اور نشتون کو بھی فعال فعال کیا جائے۔

باقی صفحہ 44 پر ملاحظہ کریں

یوم شہداء پر پولیس کے موقع پر سکیورٹی اور ڈیوٹی سندھ پولیس کی خصوصی ڈائیورشنری اور ویڈیو جاری، ڈی آئی جی سکیورٹی کا خصوصی پیغام

کراچی (این این آئی) یوم شہداء پر پولیس کے موقع پر سکیورٹی اور ڈیوٹی کی جانب سے خصوصی ڈائیورشنری اور ویڈیو جاری کی گئی ہے جس میں پولیس یونیفارم میں ملبوس اہلکاروں اور پولیس شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ جبکہ یونیفارم میں ملبوس اہلکاروں کے اہل خانہ کے

باقی صفحہ 46 پر ملاحظہ کریں



5 اگست کشمیری عوام کیلئے ایک سیاہ دن کی حیثیت رکھتا ہے، ہرمیش سنگھ آرہ

پاکستان ہمیشہ کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑا رہا ہے اور ان کے حق خودارادیت کی حمایت کرتا رہے گا

کشمیر کی آزادی تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی اور ہم ہر فورم پر کشمیر کا مقدمہ لڑتے رہیں گے

لاہور (خبرنگار) یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے صوبائی وزیر اقلیتی امور ہرمیش سنگھ آرہ نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہا ہے کہ 5 اگست کشمیری عوام کے لئے ایک سیاہ دن کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس دن بھارت نے کشمیری عوام کی خواہشات کے خلاف، ان کی خصوصی حیثیت ختم کی اور ان کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑا رہا ہے اور ان کے حق خود ارادیت کی حمایت کرتا رہے گا۔ پاکستان کشمیر کاز کو اجاگر کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرتا رہے گا۔ ہم کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کے حصول تک ان کا مقدمہ لڑتے رہیں گے۔ ہرمیش سنگھ آرہ نے کہا کہ بھارت کشمیر کاز کو دبانے کیلئے ہر ہتھکنڈا استعمال کر رہا ہے،